B.Ed./1 Sem/P-106(Social Studies)/Dec 2015

December 2015ء دسمبر | B.Ed Regular (بی۔ایڈ (ریگولر) | (Semester-1) سمسٹر۔I

پرچہ ۱۰۵ : تدریسیاتِ سماجی علوم

Paper - 105 : Pedagogy of Social Studies

3 Hrs : وقت : Time گھنٹے | Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

حصہ A

نوٹ: مندرجہ ذیل (10) سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔ 10 x 5 =50

(2) ہر سوال کا جواب ایک صفحہ یا کم از کم (15) سطور پر مشتمل ہو۔

(3) ہر سوال کے لیے 5 نشانات مقرر ہیں۔

1. (الف) سماجی مطالعہ کے مضمون کی کیا اہمیت ہے؟ لکھیں۔

یا

(ب) سماجی مطالعہ کی تدریس کے اہم اغراض و مقاصد کیا ہیں؟

2. (الف) سماجی مطالعہ کے تحت آنے والے چار مضامین کے درمیان رشتہ کی وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) معاشیات کے کسی سبق کی تدریس میں آپ کے مطابق کون سا طریقہ زیادہ موزوں ہے؟ بیان کریں۔

3. (الف) سماجی مطالعہ کی تدریس کا تاریخی پس منظر بیان کیجیے۔

یا

(ب) سماجی مطالعہ کے معلم کو کمرہ جماعت میں جانے سے قبل کون کون سی تیاریاں کر لینی چاہیں۔

4. (الف) خرد تدریس سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ خرد تدریس کی کسی دو مہارت کے بارے میں لکھیں۔

یا

(ب) ہندوستانی سماج میں سماجی مطالعہ کے معلم کا ایک نمایاں رول ہوتا ہے؟ وضاحت کریں۔

5. (الف) منصوبہ سبق کی اہمیت اور خصوصیات بیان کیجیے۔

یا

(ب) سماجی مطالعہ کی تدریس میں تعلیمی وسائل کی اہمیت کو واضح کیجیے۔

6. (الف) سماجی مطالعہ کے معلم کی حیثیت سے طلبہ کے اندر مختلف اقدار کو کیسے فروغ دیں گے؟

یا

(ب) آپ کے نظر میں سماجی مطالعہ کے ایک اچھے معلم میں کیا کیا خصوصیات ہونی چاہئیں۔ لکھیں۔

7. (الف) سماجی مطالعہ میں جغرافیہ بڑھانے کے مقاصد اور طریقہ تدریس بیان کیجیے۔

یا

(ب) پراجکٹ طریقے کے اہم مدارج کیا ہیں؟ لکھیں۔

P.T.O.

8. (الف) اسکول اور سماج کے باہمی رشتہ پر مختصر نوٹ لکھیے۔

یا

(ب) معلم کے لیے بحث ومباحثہ کا طریقہ کس طرح موثر ثابت ہوتا ہے؟ لکھیں۔

9. (الف) سماجی مطالعہ کا تجربہ گاہ قائم کرتے وقت کن کن اصولوں کو ذہن میں رکھنا چاہیے۔

یا

(ب) منصوبہ سبق کی بنیاد پر سوال کتنے طرح کے ہوتے ہیں؟ ان میں سے کسی دو کے بارے میں لکھیں۔

10. (الف) ہم نصابی سرگرمیوں کی مدد سے سماجی مطالعہ کی تدریس کو اور کس طرح سے زیادہ بہتر بنایا جاسکتا ہے؟ لکھیں۔

یا

(ب) تاریخ پڑھاتے وقت ماخذ طریقہ میں کن کن چیزوں کو Source کے طور پر اپنایا جاتا ہے؟ لکھیں۔

حصہ B

نوٹ: (1) مندرجہ ذیل طویل جوابی سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔ 2 x 10 = 20

(2) ہر سوال کا جواب 3 صفحات پر مبنی ہو اور ہر صفحے میں 15 سطور سے زائد نہ ہوں۔

(3) ہر سوال کے 10 نشانات مختص ہیں۔

11. (الف) سماجی مطالعہ میں حالات حاضرہ کی اہمیت بیان کیجیے۔ اس کی معلومات سماجی مطالعہ کے معلم کی کمرہ جماعت کو کیسے موثر بنا سکتی ہے؟ لکھیں۔

یا

(ب) آپ کے مطابق سماجی مطالعہ کے معلم میں کون کون سی ذاتی اور پیشہ ورانہ خصوصیات ہونی چاہیں؟ تفصیل سے بیان کریں۔

12. (الف) سماجی مطالعہ کے مختلف طرز رسائی کے معنی ضرورت اور اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

یا

(ب) خرد تدریس کیا ہے؟ اس کے مقاصد، ضرورت، اہمیت اور مہارات پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

☆☆☆